




Editor in Chief :
Ziya Ur Rahman Farooqui

ہفت روزہ
اورنگ آباد، مہاراشٹر انڈیا
# خبروں کی خبر
KHABRON KI KHABAR
Regd.MAHURD02636



ملک بھر میں حج عمرہ کی خدمات کا بھروسہ مند مرکز
ثانی انٹرنیشنل حج عمرہ ٹور اینڈ ٹراویلس
Best Service Award 2022
Saani
Call For Details
India. + 91 9011001100 ,Saudi+ 966595777900



زیر سرپرستی
مولانا محفوظ الرحمن فاروقی رحمانی

ایڈیٹر
قاری ضیاء الرحمن فاروقی

جلد نمبر: 1 | شمارہ نمبر: ۲۸ | بروز جمعہ ۲۴ مئی ۱۵/۱۲۰۲۴ ذوالقعدہ ۱۴۴۵ھ | قیمت ۔ 2 | صفحات ۔ 4

VOLUME-1 ISSUE-28 FRIDAY 24 May 2024 PAGE-4 RS-2


## انتخابی دشمنی میں فائرنگ، ایک شخص ہلاک
## بی جے پی لیڈر حراست میں

بہار کے سارن اور چھپرا میں پولنگ کے بعد ہونے والے تشدد کے پیش نظر احتیاطی اقدام کے طور پر دو دن کے لیے انٹرنیٹ خدمات معطل کر دی گئی ہیں۔ یہ جانکاری ایس پی گورو منگلا نے دی پٹنہ: بہار کے چھپرا میں آج صبح (21 مئی) انتخابی دشمنی کی وجہ سے دو گروپوں کے درمیان فائرنگ ہوئی۔ اس واقعے میں ایک شخص کی موت ہوگئی ہے جبکہ دو افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ایک زخمی کو علاج کے لیے پٹنہ ریفر کیا گیا ہے۔ یہ واقعہ چھپرا کے نگر تھانہ علاقے کے بھکاری ٹھاکر چوک میں پیش آیا۔ سارن کے ڈی ایم امن سمیر نے کئی راؤنڈ فائر کئے جانے اور موت کی تصدیق کی ہے۔ سارن میں گزشتہ پیر (20 مئی) کے انتخابات کے دوران بوتھ نمبر 118 پر ووٹنگ کے دوران کشیدگی بڑھ گئی تھی۔



اس کے بعد یہ ہنگامہ ہوا۔ اس معاملے میں پولیس نے بی جے پی لیڈر رما کانت سنگھ سولنکی کو حراست میں لے لیا ہے۔ چھپرا کے ایس پی گورو منگلا نے کہا کہ "پیر کو جھگڑا ہوا تھا۔ یہ واقعہ آر جے ڈی اور بی جے پی کارکنوں کے درمیان ہوا۔ اسی سلسلے میں آج واقعہ پیش آیا۔ تین افراد کو گولی ماری گئی ہے۔ ایک کی موت ہوگئی ہے۔ ایک شخص کو پٹنہ ریفر کیا گیا ہے۔ ایک شخص خطرے سے باہر ہے۔ اس واقعے کے پیچھے کون ہے، ہم تحقیقات کر کے مناسب کارروائی کریں گے۔" بہار کے سارن اور چھپرا میں پولنگ کے بعد تشدد کے پیش نظر احتیاطی اقدام کے طور پر دو دن کے لیے انٹرنیٹ سروسز بند کر دی گئی ہیں۔ یہ جانکاری ایس پی گورو منگلا نے دی ہے۔

## مودی کو اقتدار سے نہ ہٹایا گیا تو آئین ختم ہو جائے گا

ممتا بنرجی نے کہا کہ انڈیا اتحاد دہلی جائے گا اور منریگا کا کام دوبارہ شروع کرے گا اور ساتھ ہی این آر سی-سی اے اے-یو سی سی کو ہٹائے گا۔ ترنمول کانگریس کی سپریمو اور مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے کہا کہ اگر نریندر مودی کو 2024 کے انتخابات میں اقتدار سے بے دخل نہیں کیا گیا تو آئین ختم ہو جائے گا۔ انتخابی ریلیوں سے خطاب کرتے ہوئے، ممتا بنرجی نے کہا، ہم دہلی جائیں گے اور منریگا کا کام دوبارہ شروع کریں گے اور ساتھ ہی این آر سی-سی اے اے-یو سی سی کو ہٹائیں گے۔ میں نے پہلے کبھی بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) جیسی بے ادب پارٹی نہیں دیکھی، جو اپنے مخالفین کے ساتھ کم سے کم سیاسی شائستگی بھی نہیں رکھتی۔ انہوں نے کہا کہ وہ کبھی کہتے ہیں کہ اقلیتی طبقہ شیڈول کاسٹ کمیونٹی کا ریزرویشن چھین لے گا۔ کیوں؟ ہمارے اقلیتی بھائی اور بہنیں ایسا کبھی نہیں کریں گے۔



مشن میں حالیہ واقعہ کا حوالہ دیتے ہوئے، ممتا بنرجی نے کہا،" میں رام کرشنا مشن کے خلاف نہیں ہوں۔ میں کسی بھی تنظیم کے خلاف یا ان کی توہین کیسے کر سکتی ہوں؟ کچھ دن پہلے جب مہاراج کی طبیعت خراب تھی تو میں ان سے ملنے گئی تھی۔ میں نے صرف ایک یا دو لوگوں کی بات کی تھی۔

## انڈیا الائنس کو اپنے طور پر 300 سے زیادہ سیٹیں مل رہی ہیں

کیجریوال نے کہا کہ انتخابات کا پانچواں مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔ جیسے جیسے انتخابات ہو رہے ہیں، یہ واضح ہوتا جا رہا ہے کہ 4 جون کو مودی سرکار جا رہی ہے اور انڈیا الائنس کی حکومت بننے جا رہی ہے۔ دہلی کے وزیر اعلی اروند کیجریوال بی جے پی پر مسلسل حملے کر رہے ہیں۔ منگل (21 مئی) کو انہوں نے ایک پریس کانفرنس میں ایک بار پھر بی جے پی اور اس کے لیڈروں کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ "یوگی جی نے بھی مجھے گالیاں دیں۔ آپ سے میں نہایت عاجزی سے کہنا چاہوں گا کہ آپ کے اصل دشمن آپ کی اپنی پارٹی میں بیٹھے ہیں۔ بی جے پی میں اپنے دشمنوں سے نمٹئے۔ کیجریوال کو کیوں گالی دے رہے ہیں؟" اروند کیجریوال نے یوگی آدتیہ ناتھ کو مخاطب کرتے ہوئے مزید کہا کہ وزیر اعظم مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ آپ کو ہٹانا چاہتے ہیں۔ آپ کو یو پی



سے ہٹانے کی تیاریاں کی جاری ہیں۔ آپ پہلے ان سے نمٹیے۔ اسی کے ساتھ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر انڈیا کو بچانا ہے تو انڈیا الائنس کو جتنا ہے۔ کیجریوال نے کہا کہ انتخابات کا پانچواں مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔ جیسے جیسے انتخابات ہو رہے ہیں، یہ واضح ہوتا جا رہا ہے کہ 4 جون کو مودی سرکار جا رہی ہے اور انڈیا الائنس کی حکومت بننے جا رہی ہے۔ کچھ لوگوں نے سروے کرائے ہیں اور جو نتائج سامنے آرہے ہیں اس سے صاف ہے کہ 4 جون کو انڈیا الائنس کو اپنے طور پر 300 سے زیادہ سیٹیں مل رہی ہیں۔ انڈیا الائنس ملک کو صاف ستھری اور مستحکم حکومت دینے کی سمت آگے بڑھ رہا ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کو نشانہ بناتے ہوئے کیجریوال نے کہا کہ "کل دہلی میں امت شاہ نے عام آدمی پارٹی کے حامیوں کو پاکستانی کہا۔ کیا پنجاب کے لوگ پاکستانی ہیں؟ کیا دہلی کے لوگ پاکستانی ہیں؟ کیا گجرات یا گوا کے لوگ پاکستانی ہیں؟ گجرات کے 14 فیصد لوگوں نے عام آدمی پارٹی کو ووٹ دیا، کیا وہ پاکستانی ہیں؟ یہ کیسی زبان ہے؟ وزیر اعظم نے آپ کو اپنا جانشین چنا ہے تو کیا آپ میں اتنا تکبر آگیا گیا ہے؟ میں آپ کو بتا دوں کہ آپ وزیر اعظم نہیں بن رہے اور آپ کی حکومت بھی 4 جون کو نہیں بن رہی ہے۔"

●●●●

## دہلی-این سی آر میں شدید گرمی کا سلسلہ جاری
## درجہ حرارت 47 ڈگری سے متجاوز

شدید گرمی کے سبب دہلی میں بجلی کی طلب بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ دریں اثنا، دہلی حکومت نے ان اسکولوں کو بند کرنے کا حکم دیا ہے جو موسم گرما کی تعطیلات کے بجائے درس وتدریس کا جاری رکھے ہوئے ہیں نئی دہلی: دہلی شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے اور آئی ایم ڈی نے جمعہ تک انتہائی درجہ حرارت کو لے کر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ گرمی اس حد تک تباہی مچا رہی ہے کہ پیر کو بھی دہلی کے کچھ حصوں میں درجہ حرارت 47 ڈگری سیلسیس کو پار کر گیا تھا۔ دریں اثنا، محکمہ موسمیات نے قومی راجدھانی میں گرمی کی لہر کے حالات کے پیش نظر آنے والے پانچ دنوں کے لیے 'ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ شدید گرمی کی وجہ سے دہلی میں بجلی کی طلب مئی میں بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ دریں اثنا، دہلی حکومت نے ان اسکولوں کو کہا ہے جو گرمیوں کی تعطیلات کے باوجود درس وتدریس جاری رکھے ہیں کہ فوری طور پر کلاسیں بند کر دیں۔ دہلی میں حالیہ دنوں میں درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ دیکھا گیا ہے۔ اتوار کو زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 4.44 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ ہفتہ کو درجہ حرارت 6.43 ڈگری سیلسیس تھا جب کہ جمعہ کو یہ 5.42 ڈگری سیلسیس تھا۔ قومی راجدھانی میں پیر کو درجہ حرارت معمول سے 7.3 ڈگری زیادہ تھا۔ پیر کو نجف گڑھ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 4.47 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ ایک دن پہلے، جنوبی مغربی دہلی کے علاقے میں درجہ حرارت 8.47 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا تھا، جو اس موسم میں ملک میں سب سے زیادہ درجہ حرارت تھا۔ منگیش پور میں 1.47 ڈگری، آیا نگر میں 7.45 ڈگری، پوسا میں 1.46 ڈگری، پیتم پورہ میں 6.46 ڈگری اور پالم میں



2.45 ڈگری درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ وہیں، ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن نے ایک سرکلر میں کہا کہ "تمام اسکولوں کو رواں تعلیمی سال کے لیے 11 مئی سے 30 جون تک گرمیوں کی تعطیلات رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سرکلر میں کہا گیا،" تمام سرکاری اسکول 11 مئی سے بند ہیں۔ تاہم، یہ دیکھا گیا ہے کہ کچھ سرکاری امداد یافتہ اور غیر امدادی نجی اسکول شدید گرمی کے دوران بھی کھلے ہیں۔" سرکلر میں کہا گیا ہے، "لہٰذا، دہلی کے تمام سرکاری امداد یافتہ اور غیر امدادی نجی اسکولوں کے سربراہوں کو گرمیوں کی تعطیلات کے لیے فوری طور پر اسکولوں کو بند کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔" دہلی اسٹیٹ لوڈ ڈسپیچ سینٹر (ایس ایل ڈی سی) کی ویب سائٹ پر دستیاب اعداد وشمار کے مطابق، پیر کو سہ پہر 3:33 بجے بجلی کی زیادہ سے زیادہ مانگ 7572 میگاواٹ تک پہنچ گئی۔ یہ مئی میں اب تک کی سب سے زیادہ مانگ ہے۔ گزشتہ سال 22 اگست کو بجلی کی زیادہ سے زیادہ طلب 7438 میگاواٹ تک پہنچ گئی تھی۔

## نریندر مودی دو ہندوستان بنا رہے،
## جہاں انصاف بھی دولت کا محتاج ہے

راہل گاندھی نے کہا کہ نریندر مودی سے پوچھا گیا کہ دو ہندوستان بن رہے ہیں، ایک ارب پتیوں کا اور دوسرا غریبوں کا، ان کا جواب ہے کہ کیا میں سب کو غریب بنا دوں۔ پونے میں مہنگی بیرون ملکی کار سے ہوئے سڑک حادثے کا تذکرہ کرتے ہوئے منگل کی شام راہل گاندھی نے ایک ویڈیو پیغام جاری کیا۔ کانگریس کے ایکس ہینڈل پر شیئر اس ویڈیو میں راہل گاندھی نے کہا کہ "بس ڈرائیور، ٹرک ڈرائیور، اولا، اوبیر، آٹو ڈرائیور اگر غلطی سے کسی کو مار دیتے ہیں تو 10 سال جیل کی سزا ہو جاتی ہے وار چابی اٹھا کر وہ پھینک دیتے ہیں۔ اگر امیر گھر کا 16 سال کا، 17 سال کا بیٹا پورش گاڑی کو شراب پی کر چلاتا ہے اور دو لوگوں کا قتل کرتا ہے تو اسے کہا جاتا ہے کہ مضمون لکھ دو۔ ٹرک ڈرائیور، بس ڈرائیور سے مضمون کیوں نہیں لکھواتے۔ اوبیر ڈرائیور، آٹو ڈرائیور سے کیوں نہیں لکھواتے۔" راہل گاندھی کا کہنا ہے کہ نریندر مودی سے جب یہ سوال کیا گیا کہ دو ہندوستان بن رہے ہیں، ایک ارب پتیوں کا اور دوسرا غریبوں کا، تو ان کا جواب ہوتا ہے کہ کیا میں سب کو غریب بنا دوں۔ سوال یہ نہیں ہے، سوال انصاف کا ہے۔ امیروں کو، غریبوں کو، دونوں کو انصاف ملنا چاہیے۔ انصاف سب کے لیے یکساں ہونا چاہیے۔ اس لیے ہم لڑ رہے ہیں، ہم ناانصافی کے خلاف لڑ رہے ہیں۔



واضح رہے کہ مہاراشٹر کے پونے میں ایک نابالغ نے شراب پی کر اپنی پورش کار سے دو آئی ٹی انجینئرس (ایک مرد اور ایک خاتون) کو کچل دیا۔ حادثہ اتنا سنگین تھا کہ دونوں کی جائے حادثہ پر ہی موت ہوگئی۔ راہل گاندھی نے منگل کی شام اسی حادثہ کا ذکر کرتے ہوئے مذکورہ بالا باتیں کہیں۔ پونے پولیس نے نابالغ کے والد کو اس معاملے میں گرفتار کیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ جس پَب میں نابالغ نے شراب پی تھی، اس کے مالک اور مینیجر بھی گرفتار کیے جا چکے ہیں۔ حالانکہ ملزم نابالغ کو عدالت نے حادثہ کے تعلق سے مضمون لکھنے سمیت کچھ دیگر شرائط پر ضمانت دے دی ہے۔

### دہلی سے پنجاب-ہریانہ تک گرمی کی لہر،
## کیرالہ-تمل ناڈو میں شدید بارش کا الرٹ

محکمہ موسمیات کے مطابق راجستھان، پنجاب، ہریانہ، دہلی، یوپی، مدھیہ پردیش اور گجرات میں گرمی کی شدید لہر 25 مئی تک جاری رہے گی۔ جبکہ کیرالہ اور تمل ناڈو میں شدید بارش کا امکان ہے نئی دہلی: ملک میں دو طرح کا موسم دیکھا جا رہا ہے۔ ایک طرف شمالی ہندوستان کی زیادہ تر ریاستوں میں شدید گرمی ہے تو دوسری طرف جنوبی ہندوستان میں موسلا دھار بارش دیکھی جا رہی ہے۔ محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) کے مطابق راجستھان، پنجاب، ہریانہ، دہلی، یوپی، مدھیہ پردیش اور گجرات میں گرمی کی شدید لہر 25 مئی تک جاری رہے گی۔ جبکہ کیرالہ اور تمل ناڈو میں بہت زیادہ بارش کا امکان ہے۔ آئی ایم ڈی نے 22 مئی کو کیرالہ کے پتھانمتھیٹا اور اڈوکی میں شدید بارش کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی دارالحکومت تروانت پورم سمیت آٹھ اضلاع کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ کیرالہ اسٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے لوگوں سے الرٹ رہنے کی اپیل کی ہے۔ پوٹین کوڈ میں شدید بارش کے باعث منہدم مکان کی دیوار کا ایک حصہ گرنے سے ایک 66 سالہ خاتون کی موت ہوگئی۔ دہلی میں گرمی کی شدید لہر 25 مئی تک جاری رہے گی۔ اس دوران تیز گرم ہوائیں چلیں گی اور دن کا درجہ حرارت 46 ڈگری تک پہنچ سکتا ہے۔ آئی ایم ڈی کے مطابق اس پورے ہفتے دہلی کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44 سے 46 ڈگری سیلسیس کے درمیان رہ سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی کم سے کم درجہ حرارت 29 سے 31 ڈگری سیلسیس کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔

●●●●

## شراب کی بوتل پر بی جے پی لیڈروں کی تصویریں

اکھلیش یادو نے کہا، "بی جے پی کتنے بھی غلط راستے اپنا لے لیکن عوام اس کو اس کی بوتل میں بند کرنے کے لیے تیار ہے۔ منفی بی جے پی سمجھ لے کہ مَدھ پان (شراب نوشی) سے مَتدان (ووٹنگ) نہیں بدلا جا سکتا۔" سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو تیزی سے وائرل ہو رہی ہے جس میں ایک شخص ہاتھ میں شراب کی بوتل پکڑے نظر آرہا ہے۔ اس پر چھپی بی جے پی کے بڑے لیڈروں کے فوٹو دکھا کر کہہ رہا ہے کہ یہاں بہت ترقی ہو رہی ہے۔ بوتلوں پر سیاست دانوں کے فوٹو لگا کر پرچار کیا جا رہا ہے۔ اس ویڈیو کو سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے بھی شیئر کیا ہے جس کے بعد یہ معاملہ سرخیوں میں آ گیا ہے۔ یہ ویڈیو اتر پردیش کے باندہ چترکوٹ پارلیمانی حلقے کی بتائی جا رہی ہے۔ اس ویڈیو میں نظر آرہا ہے کہ شراب کے ایک پیکٹ پر موجودہ امیدوار اور ایم پی آر کے پٹیل کے ساتھ بی جے پی کے سینئر لیڈروں کی تصویریں ہیں۔ اس ویڈیو کے وائرل ہونے کے بعد اپوزیشن پارٹیوں نے الیکشن کمیشن سے اس پر کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ساتھ ہی چترکوٹ کے ڈی ایم اور ایس پی نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے جانچ کا حکم دیا ہے۔



ایم پی اور بی جے پی امیدوار نے اسے مخالفین کی سازش قرار دیا ہے۔ یہ ویڈیو کب اور کہاں بنائی گئی، یہ بات ابھی تک سامنے نہیں آئی۔ وائرل ویڈیو میں ایک شخص اپنے ہاتھ میں شراب کی بوتل پکڑے ہوئے نظر آ رہا ہے۔ وہ بوتل کے پیکٹ پر چھپی بی جے پی کے بڑے لیڈروں کی فوٹو دکھاتے ہوئے ان کا نام بھی لے رہا ہے اور کہہ رہا ہے کہ یہاں ترقی بہت زیادہ ہو رہی ہے۔ یہاں شراب کی بوتل پر لیڈروں کی تصویر لگا کر پرچار کیا جا رہا ہے۔ ویڈیو میں کچھ اور لوگوں کی آوازیں بھی سنی جا سکتی ہیں لیکن کسی کا چہرہ نظر نہیں آ رہا ہے۔ اس ویڈیو کے وائرل ہونے کے بعد ایس پی سربراہ اکھلیش یادو سمیت کئی لوگوں نے اسے اپنے سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا ہے۔ اکھلیش یادو نے اپنی پوسٹ میں کہا ہے کہ "بی جے پی کتنے بھی غلط راستے اپنا لے لیکن عوام اس کو، اس کی بوتل میں بند کرنے کو اتارو (تیار) ہے۔ منفی بی جے پی سمجھ لے، مدھیہ پان (شراب نوشی) سے مَتدان (ووٹنگ) نہیں بدلا جا سکتا۔"

●●●●

## اسرائیلی کابینہ کے وزیر کا مسجدِ اقصیٰ کا دورہ



اسرائیل کے انتہائی دائیں بازو کے وزیر برائے قومی سلامتی ایتمار بن گویر نے بدھ کے روز یروشلم کی مسجدِ اقصیٰ کے احاطے کا دورہ کیا اور اعلان کیا کہ متنازعہ مقدس مقام "صرف اسرائیل کی ریاست" کا ہے۔ بین گویر نے کہا کہ بدھ کا دورہ تین یورپی ممالک کی طرف سے ایک آزاد فلسطینی ریاست کو یکطرفہ طور پر تسلیم کرنے کے اقدام کا جواب تھا۔ ناروے، آئرلینڈ اور سپین نے دن کے اوائل میں اعلان کیا ہے کہ وہ ایک تاریخی اقدام کرتے ہوئے فلسطینی ریاست کو تسلیم کر رہے ہیں جس سے اسرائیل ناراض ہے۔ انہوں نے کہا، "ہم فلسطینی ریاست کے بارے میں بیان کی اجازت بھی نہیں دیں گے۔" پہاڑی چوٹی پر واقع احاطہ یہودیوں اور مسلمانوں کے لیے قابل احترام ہے اور متضاد دعووں کی وجہ سے ماضی میں اس حوالے سے تشدد کے متعدد ادوار ہو چکے ہیں۔ اسرائیل یہودیوں کو احاطے میں جانے کی تو اجازت دیتا ہے لیکن وہاں عبادت کرنے کی نہیں۔ لیکن امکان ہے کہ اس دورے کو دنیا بھر میں اشتعال انگیزی کے طور پر دیکھا جائے گا۔ ●●●●

## ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کا ہیلی کاپٹر کیسے گرا؟

دو ہیلی کاپٹر بحفاظت پہنچ گئے تاہم صدر کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوگیا۔ ایران میں ایک طبقہ اس کے پیچھے سازش کا شبہ کر رہا ہے۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر بھی بحث چھڑ گئی ہے۔ امریکی سینیٹر چک شومر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان کی خفیہ ایجنسیوں سے بات چیت ہوئی ہے۔ ایران کے صدر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان ہیلی کاپٹر حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔ صدر کا ہیلی کاپٹر 19 مئی کی شام دیر گئے گر کر تباہ ہوگیا۔ وہ ایک ڈیم کا افتتاح کرنے آذربائیجان گئے تھے۔ واپسی کے دوران حادثہ پیش آیا۔ حادثہ کب اور کیسے ہوا؟ ایران کے سرکاری ٹی وی کے مطابق صدر رئیسی کز کلاسی اور خدا فرین ڈیموں کے افتتاح کے لیے آذربائیجان گئے تھے۔ اس کے بعد وہ تبریز شہر جا رہے تھے جو وہاں سے تقریباً 50 کلومیٹر دور ہے۔ اسی دوران ہیلی کاپٹر راستے میں گر کر تباہ ہوگیا۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق جس جگہ حادثہ پیش آیا وہ پہاڑی علاقہ ہے۔ وہاں کافی دھواں اور دھند چھائی ہوئی تھی۔ روشنی بھی 5 میٹر سے زیادہ نہیں تھی۔ ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے قافلے میں کل 3 ہیلی کاپٹر تھے۔ دو ہیلی کاپٹر بحفاظت پہنچ گئے تاہم صدر کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوگیا۔ ایران میں ایک طبقہ اس کے پیچھے سازش کا شبہ کر رہا ہے۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر بھی بحث چھڑ گئی ہے۔ امریکی سینیٹر چک شومر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان کی خفیہ ایجنسیوں سے بات چیت ہوئی ہے۔ ابھی تک کسی سازش کا شبہ یا اس کا کوئی ثبوت نہیں ملا۔ امریکی محکمہ خارجہ نے بھی کہا ہے کہ وہ اس واقعے پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ ایران کی اسرائیل سے سخت اختلافات ہے۔ یوں تو دونوں ممالک کی دشمنی 50 سال سے زیادہ پرانی ہے لیکن حالیہ دنوں میں غزہ پر اسرائیل کے حملے کے بعد ان کی تنازعات میں اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ ماہ ہی ایران نے اسرائیل پر میزائل اور ڈرون حملہ کیا تھا۔ اس کے بعد اسرائیل نے انتقام کا انتباہ دیا تھا اور جوابی کارروائی بھی کی تھی۔ اس کے بعد سے مشرق وسطیٰ میں ایک نئی جنگ چھڑنے کے خدشات تھے۔ ہیرک جیوتی داس، مشرق وسطیٰ کے امور کے ماہر اور وویکانند انٹرنیشنل فاؤنڈیشن (VIF) کے سینئر فیلو، نیوز 18 ہندی ڈاٹ کام کے ساتھ بات چیت میں کہتے ہیں کہ رئیسی ڈیم کا افتتاح کرنے آذربائیجان گئے تھے۔ آذربائیجان کا اسرائیل کے ساتھ کافی انٹیلی جنس رابطہ ہے۔ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ انٹیلی جنس شیئر کرتے رہتے ہیں۔

## فلسطین کے آنسو اب دیکھنے لگی دنیا!

سپین، ناروے اور آئرلینڈ نے فلسطین کی حمایت میں بڑا اقدم اٹھاتے ہوئے اسے علاحدہ ملک کا درجہ دینے کا اعلان کیا ہے۔ ان تینوں ممالک کے اس اقدام سے اسرائیل چراغ پا ہوگیا ہے۔ اسرائیلی وزیر خارجہ نے فوری طور پر آئرلینڈ اور ناروے سے اپنے ملک کے سفیروں کو واپس بلا لیا ہے۔ دراصل اسپین، ناروے اور آئرلینڈ نے اعلان کیا ہے کہ وہ فلسطین کو ملک کا درجہ دیں گے۔ ان تینوں ممالک کے اس اعلان سے اسرائیلی حکومت کافی پریشان ہوگیا ہے۔ اس سلسلہ میں اسرائیلی وزیر خارجہ کاٹز کا کہنا ہے کہ فلسطین کو ملک کا درجہ دیے جانے سے غزہ میں اسرائیلی



یرغمالیوں کو وطن واپس لانے میں پریشانیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ اس کے ساتھ 'حماس اور ایران کے جہادیوں کو انعام دینے' سے جنگ بندی کے امکانات کم ہو جائیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر اسپین نے بھی یہی موقف اپنایا تو وہاں سے بھی اسرائیلی سفیر کو واپس بلا لیا جائے گا۔ اس سے پہلے بدھ کو ناروے کے وزیر اعظم جونس گار ستور نے کہا کہ اگر تسلیم نہیں کیا گیا تو مغربی ایشیا میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ناروے 28 مئی تک فلسطین کو ملک کے طور پر تسلیم کر لے گا۔ یوروپی یونین کے کئی ممالک نے گزشتہ چند ہفتوں میں اشارہ دیا ہے کہ وہ فلسطین کو تسلیم کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ خطے میں امن کے لیے دو ملکی حل ضروری ہے۔ ناروے اسرائیل اور فلسطین کے درمیان دو ریاستی حل کا سخت حامی رہا ہے۔ یہ یوروپی یونین کا رکن نہیں ہے لیکن اس معاملے پر اس کا موقف یوروپی یونین کے دیگر اراکین جیسا ہے۔ ناروے کی حکومت کے وزیر نے کہا کہ 'حماس اور دہشت گرد گروپوں نے دہشت پھیلا رکھی ہے جو دو ریاستی حل اور اسرائیلی حکومت کے حامی نہیں ہیں'۔ ناروے کے وزیر اعظم نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ فلسطین کو ایک آزاد ملک کا درجہ دینا بنیادی حق ہے۔

## سعودی عرب میں سونے کی کھان

مہد الذہب' جو ہزاروں سال سے سونا اگل رہی ہے

سعودی عرب میں مدینہ منورہ میں 'سونے کا شہر' یا 'سونے کا گھوارہ' (مہد الذہب) کہلائے جانے والی ایک کان اپنے نام کی طرح روئے زمین پر سب سے نمایاں دولت کا خزانہ ہے۔ یہ کان ہزاروں سال سے سونا،



چاندی اور دیگر دھاتوں کے حصول کا ذریعہ ہے۔ جب سے بنی نوع انسان نے سونے کی دھات ایجاد کی ہے تب سے یہ چمک دمک اور قدر و قیمت کا حامل رہا ہے۔ اسے تجارتی لین دین میں سب سے مشہور دھات سمجھا جاتا ہے۔ یہ تمام شعبوں میں استعمال ہوتا رہا ہے، خاص طور پر متعدد ادوار میں سونے کے سکوں کی ٹکسال، ممالک، حکمرانوں اور تاجر خاندانوں کی دولت کے طور پر سونے کو اہمیت دی جاتی رہی ہے۔ اگرچہ سعودی شہر سونے کا گھوارہ رہا ہے اور تقریباً 3,000 سال سے سونا پیدا کر رہا ہے، لیکن 960 قبل مسیح کے تابکار آسوٹوپس کی جانچ پڑتال کے مطابق اس نے اپنی چمک اور سونے کی پیداوار میں کمی نہیں کی ہے۔ مورخین اور ماہرین ارضیات کا خیال ہے کہ 'مہد الذہب' کان کئی ادوار سے گذری، جن میں سب سے اہم عباسی دور تھا۔ عباسی دور میں سنہ 752ء میں خلیفہ ہارون الرشید کے زمانے میں کھدائی کرنے والی ٹیموں نے 50 ٹن سے زیادہ سونا نکالا۔ اس سونے سے سکے تیار کیے جاتے جسے "منٹنگ" کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ عورتیں اسے زیور کے طور پر پہنتیں۔ اسے صدیوں سے عورت کی زیب و زینت کا حصہ تصور کیا جاتا۔ 'مہد الذہب' عباسی خلافت کے لیے دولت کے حصول کا ایک بڑا ذریعہ تھی۔ جب کہ کان کا دوسرا دور مملکت سعودی عرب کے بانی شاہ عبدالعزیز کے دور میں 1939ء-1955ء کے عرصے میں گذرا۔ ان کے دور میں 'سامس' مائننگ سنڈیکیٹ کے ذریعے کام کے دوران اس کان سے 23 ٹن سونا نکالا گیا۔ اتنی ہی مقدار میں چاندی پیدا ہوئی۔ ●●●●

## زلزلے کے 150 جھٹکوں سے دہلا اٹلی

جنوبی اطالوی بندرگاہی شہر کے مغرب میں ایک فعال آتش فشاں میں زلزلے کے مرکز ہونے کی وجہ سے 150 جھٹکے محسوس کیے گئے۔ نیپلز کے قریب سیکڑوں عمارتوں اور خواتین کی جیل کو 4.4 شدت کے زلزلے کے بعد احتیاط کے طور پر خالی کرالیا گیا، جس سے سیکڑوں مکین خیموں یا کاروں میں سونے پر مجبور ہو گئے۔ پیر کی شام آنے والے زلزلے کے بعد کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور صرف معمولی نقصان کی اطلاع ملی ہے۔ اٹلی کے INGV نیشنل جیوفزکس کے ایک آتش فشاں ماہر گیوپیڈ ڈی نتالے (Giuseppe De Natale) نے کہا کہ یہ زلزلہ فلے گرین فیلڈس (Filaret Fields) کے ارد گرد ریکارڈ کی گئی تاریخ میں سب سے زیادہ طاقتور زلزلہ تھا، جو کہ Tyrrhenian سمندر کے قریب قدیم آتش فشاں مراکز کا ایک وسیع علاقہ ہے جو نیپلز اور اس کے مضافات کے مغربی علاقوں کا احاطہ کرتا ہے۔ پوزوولی کے مضافاتی علاقے میں خواتین کی جیل سے تقریبا 140 قیدیوں کو نکالا گیا جبکہ حکام نے نقصان کا جائزہ لیا۔ RAI کے سرکاری ٹی وی نے رپورٹ کیا کہ ایک درجن اپارٹمنٹ عمارتوں کو بھی ساختی جانچ کے لیے خالی کرایا گیا، جس سے تقریبا 40 خاندان بے گھر ہوئے۔ رات بھر تقریبا 150 چھوٹے زلزلوں نے آبادی کو خطرے میں ڈال دیا۔ کم از کم 500 لوگ سول پروٹیکشن ایجنسی کے قائم کردہ ٹینٹ سٹیز میں سوئے، جبکہ دیگر کاروں میں رہے۔



لوگوں نے علاقے سے بھاگنے کی کوشش کی تو بڑے ٹریفک جام کی اطلاع ملی۔ بتا دیں کہ فلیگرین فیلڈ کے آس پاس کا علاقہ زلزلہ اور آتش فشاں دونوں طرح سے متحرک ہے۔ 2006 کے بعد سے سطح کو 3.1 میٹر (3.4 فٹ) اوپر دھکیل دیا گیا ہے، جو کہ 1984 میں ہونے والے آخری بڑے واقعے سے پہلے زیادہ ہے، لیکن ڈی نٹالی نے زور دیا کہ یہ پیش گوئی کرنا ناممکن ہے کہ آیا پھٹنا ہے یا زبردست زلزلہ کب آسکتا ہے؟

## دنیا کے تین چوتھائی ممالک نے فلسطین کو کیسے تسلیم کیا؟

دنیا کے تقریباً تین چوتھائی ممالک فلسطینی ریاست کو تسلیم کرتے ہیں، جس کا اعلان بیرون ملک فلسطین لبریشن آرگنائزیشن کی قیادت نے 35 سال سے زیادہ عرصہ قبل کیا تھا۔ اس کے بعد مختلف ممالک فلسطینی ریاست کو تسلیم کرتے آئے ہیں۔ آج 22 مئی کو تین یورپی ممالک ہسپانیہ، ناروے اور آئرلینڈ نے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا۔ سات اکتوبر کو اسرائیلی بستیوں پر حملے کے بعد غزہ کی پٹی میں اسرائیل اور حماس کے درمیان سات ماہ سے زائد عرصے سے جاری جنگ فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کے مطالبات کی بحالی کا باعث بنی ہے اور پوری دنیا میں آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے مطالبات میں اضافہ ہوا ہے۔ فلسطینی اتھارٹی کے اعداد و شمار کے مطابق اقوام متحدہ کے کل 193 ممالک میں سے 142 فلسطینی ریاست کو تسلیم کر چکے ہیں لیکن اس میں مغربی یورپ، شمالی امریکہ، آسٹریلیا، جاپان اور جنوبی کوریا جیسے زیادہ تر ممالک شامل نہیں ہیں۔ تازہ ترین اعلانات ہسپانیہ، آئرلینڈ اور ناروے سے آئے ہیں جن میں بدھ کے روز کہا گیا ہے کہ وہ آئندہ 28 مئی تک فلسطین کی ریاست کو تسلیم کر لیں گے۔ اپریل کے وسط میں امریکہ نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اپنے ویٹو پاور کا استعمال کرتے ہوئے اس قرارداد کو ناکام بنا دیا تھا جس کا مقصد فلسطین کو بین الاقوامی تنظیم میں مکمل رکن ریاست دینے دینا تھا۔



## بنیادی فوجی تربیت مکمل کرنے والی 142 سعودی خواتین کی پاسنگ آؤٹ کا انعقاد

سعودی عرب کے پبلک سکیورٹی وویمن ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں 142 خواتین نے بنیادی فوجی تربیت کا کورس مکمل کر لیا ہے۔ چھٹے تربیتی کورس کی گریجویشن تقریب کے موقع پر ڈائریکٹر پبلک سکیورٹی لیفٹیننٹ جنرل محمد السامی مہمان خصوصی تھے۔ پبلک سکیورٹی وویمن ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ وزیر داخلہ شہزادہ عبدالعزیز بن سعود بن نائف کی زیر نگرانی کام کرتا ہے۔ فوجی تربیت مکمل کرنے والی خواتین نے کورس کے دوران ضروری مہارت حاصل کرنے کی خاطر تھیوری سمیت متعدد عملی مشقوں میں حصہ لیا۔ اس دوران انہوں نے سکیورٹی کے ضوابط اور پروٹوکول کے نفاذ کی عملی تربیت حاصل کی جس نے انہیں کورس کی تکمیل پر سکیورٹی ادارے سے وابستہ ایک چاک چوبند اور مشاق سپاہی کے طور پر تیار کرنے میں مدد دی۔



## رپورٹس کے مطابق ایرانی صدر ابراہیم رئیسی نہیں رہے

خبر رساں ایجنسی آئی آر آئی این اور نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی مہر نیوز کے حوالے سے 'سی این این کی رپورٹ میں پیر کی صبح کہا گیا کہ جس جگہ ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوا وہاں' کوئی زندہ نہیں بچا۔ ایران کے صدر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ سمیت 9 افراد کو لے جانے والا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہونے کے بعد اس حادثے میں تمام افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی آئی آر آئی این اور نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی مہر نیوز کے حوالے سے 'سی این این کی رپورٹ میں پیر کی صبح کہا گیا کہ جس جگہ ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوا وہاں' کوئی زندہ نہیں بچا۔ واضح رہے پہلے یہ خبر آئی تھی کہ ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے ہیلی کاپٹر کو آذربائیجان کے پہاڑی علاقے میں حادثہ پیش آیا، جس کے بعد ہیلی کاپٹر اور اس میں سوار افراد کی تلاش جاری تھی۔ ایک رپورٹ کے مطابق وزارت داخلہ نے بیان جاری کر کے کہا تھا کہ صدر رئیسی سے کوئی رابطہ نہیں ہو پا رہا ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا کے مطابق ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کے ہیلی کاپٹر کو صوبہ مشرقی آذربائیجان کے علاقے جلفا میں حادثہ پیش آیا تھا تاہم موسم کی خرابی کے باعث ریسکیو ٹیموں کو مشکلات کا سامنا تھا۔ یہ حادثہ ورزاغان کے ع علاقے دزمر میں جنگلات سے بھرپور پہاڑی علاقے میں پیش آیا جس کی وجہ سے امدادی کاموں میں شدید مشکلات کا سامنا ہو رہا ہے۔ ابراہیم رئیسی ایران اور پڑوسی ملک آذربائیجان کی سرحد پر اپنے ہم منصب الہام الیوف کے ہمراہ ڈیم کے منصوبے کا افتتاح کرنے کے لیے گئے تھے اور وہاں سے واپسی پر ہیلی کاپٹر کو حادثہ پیش آیا۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق جس ہیلی کاپٹر کو حادثہ پیش آیا اس میں ایرانی صدر کے ساتھ ساتھ وزیر خارجہ حسین عامر عبداللہیان، مشرقی آذربائیجان کے گورنر ملک رحمتی اور کچھ مقامی اہم عہدیداران بھی سوار تھے۔ واضح رہے کل ایران کے وزیر داخلہ احمد واحدی نے کہا تھا کہ خراب موسم کی وجہ سے قافلے میں شامل ایک ہیلی کاپٹر نے ہنگامی لینڈنگ کی اور ہیلی کاپٹر سے رابطہ کرنے میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق سخت موسمی حالات اور دھند کی وجہ سے امدادی ٹیموں کو جائے حادثہ تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ●●●●



## شمالی مغربی کنارے میں 'علاحدگی' کے اسرائیلی قانون کی منسوخی کا کیا مطلب ہے؟

اسرائیلی آرمی ریڈیو نے عرب عالمی خبر رساں ایجنسی کے حوالے سے اطلاع دی کہ اسرائیلی وزیر دفاع یوآو گیلنٹ نے شمالی مغربی کنارے میں 'علاحدگی' کے قانون کو مکمل طور پر منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ ناروے، آئرلینڈ اور ہسپانیہ کی طرف سے فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کے اعلان کے فوراً بعد کیا گیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ 'علاحدگی' کے قانون میں غزہ کی پٹی اور شمالی مغربی کنارے کی بستیاں شامل تھیں۔ وزیر دفاع یوآو گیلنٹ کے شمالی مغربی کنارے سے علیحدگی کے فیصلے کا مطلب ان بستیوں کو واپس کرنا ہے جنہیں 2005ء میں شمالی مغربی کنارے میں ختم کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ اسرائیلی کنیسٹ نے 20 مارچ کو علاحدگی کے قانون کی کچھ شقوں کو منسوخ کرنے کے لیے ووٹ دیا تھا اور گیلنٹ کا بدھ کو کیا جانے والا فیصلہ کنیسٹ کے جاری کردہ فیصلے پر عمل درآمد ہے۔ گیلنٹ نے کہا کہ "کنیسٹ میں علاحدگی کے قانون کی منظوری کے بعد ہم نے تاریخی قدم مکمل کر لیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ" (مغربی کنارے) پر یہودیوں کا کنٹرول سلامتی کی ضمانت دیتا ہے۔ علیحدگی کے قانون پر عمل درآمد اسرائیلی بستیوں کو ترقی دینے اور ان میں رہنے والوں کو تحفظ فراہم کرنے کا باعث بنے گا"۔ شمالی مغربی کنارے میں "علاحدگی" کا قانون منسوخ کرنے کا قانون آباد کاروں کو 4 تباہ شدہ بستیوں گینیم، کدیم، حومش اور سانور میں واپس جانے کی اجازت دے گا۔ "علاحدگی" کا منصوبہ یکطرفہ طور پر سابق وزیر اعظم ایریل شیرون کی حکومت نے 2005ء کے موسم گرما میں نافذ کیا تھا، جس کے تحت اس نے شمالی مغربی کنارے میں 4 بستیوں کے علاوہ غزہ کی پٹی میں قائم بستیوں اور اسرائیلی فوج کے کیمپوں کو خالی کرایا تھا۔ قابل ذکر بات یہ ہے اس قانون کا مطلب یہ نہیں ہے کہ غزہ فلسطینی سرزمین ہے بلکہ اسرائیل یہ دعویٰ کرتا ہے کہ یہ اسرائیلی سرزمین جیسے تل ابیب، اور حیفا ہیں تاہم آبادیاتی حقیقت سے "علاحدگی" کا تقاضہ ہے کہ اسرائیل پر مشرقی یروشلم سمیت 1967ء کی سرحدوں پر واپس جانے کے لیے دباؤ ڈالنا ہے۔ علاحدگی ایک سیاسی اصطلاح ہے جس کا مطلب ہے دو یا کئی ریاستوں کے درمیان متحد اداروں کے ساختی اور فعال اتحاد کو ختم کرنا۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ علاحدگی کی تیاری میں دو ریاستوں کو الگ کرنے والی سرحدیں کھینچنا، تاکہ ہر ریاست اپنی خود مختاری حاصل کر سکے اور اس کا اپنا نظام حکومت اور جغرافیائی علاقہ ہو۔



## حوثیوں کے زیر کنٹرول الحدیدہ ایئر پورٹ پر امریکہ برطانیہ کے چھ حملے

حوثی گروپ نے امریکی اور برطانوی طیاروں نے الحدیدہ ایئر پورٹ پر چھ فضائی حملے کیے ہیں۔ مغربی یمن میں یہ ایئر پورٹ حوثی گروپ کے کنٹرول میں ہے۔ امریکی اور برطانوی افواج نے بحیرہ احمر میں "خوشحالی کے محافظ" اتحاد کے تحت کارروائی اس وقت شروع کی ہیں جب حوثی گروپ نے غزہ پر اسرائیلی جارحیت کے ردعمل میں بحیرہ احمر میں تجارتی اور فوجی بحری جہازوں پر حملے شروع کئے۔ حوثی گروپ نے بدھ کے روز ایک بیان میں کہا کہ وہ اسرائیلی بندرگاہوں کی طرف جانے والے تجارتی بحری جہازوں کو نشانہ بنا رہا ہے جس کا مقصد اسرائیلی فورسز پر اس چیز کا دباؤ ڈالنا ہے کہ وہ امدادی سامان اور ادویات کو غزہ کی پٹی میں داخل ہونے دیں اور غزہ کا محاصرہ ختم کرے۔ حوثی گروپ نے کہا کہ وہ بحیرہ احمر، خلیج عدن اور بحر ہند میں تجارتی اور فوجی بحری جہازوں کو نشانہ بنانا اس وقت تک جاری رکھے گا جب تک اسرائیل غزہ کی پٹی پر مسلط کردہ جنگ ختم نہیں کر دیتا۔ ●●●●●●●●

ہفت روزہ
# خبروں کی خبر
اورنگ آباد، مہاراشٹر انڈیا
KHABRON KI KHABAR



## عمرہ ویزا پر حج کرنا ممنوع ہے: سعودی عرب کا انتباہ



جدہ: سعودی وزارت حج و عمرہ نے خبردار کیا ہے کہ سعودی عرب میں مقیم عمرہ ویزہ رکھنے والے اس سال اس ویزے کے ساتھ حج نہیں کر سکیں گے۔ وزارت نے زور دیا کہ عمرہ ویزے کی میعاد پر کے حج سے عمل کیا جائے اور خاص طور پر مکہ مکرمہ کو چھوڑنے اور تین ماہ کی مدت ختم ہونے پر واپس جانے پر عمل کرانے کی ہدایت کی۔ سعودی وزارت نے کہا کہ حج کے ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے اور حج پرمٹ یا ویزا نہ رکھنے والے افراد کو نقل و حمل کے قانون کی خلاف ورزی کے تحت سزا دی جائے گی۔ وزارت نے متنبہ کیا کہ حج سیزن کے قریب آنے پر جعلی اور گمراہ کن حج اشتہاری مہم چلانے والوں کی گرفتاری کی جائے گی۔ واضح رہے پرمٹ کے بغیر حج کرنے کی سزا 10 ہزار ریال جرمانہ اور ملک بدری ہے۔

## حج 2024: ناگپور ایمبارگیشن پوائنٹ کے بجائے ممبئی کا انتخاب کرنے والے عازمین پریشانی میں



ناگپور، 23 مئی (س) سابق کابینی وزیر اور سینئر کانگریس لیڈر ڈاکٹر انیس احمد نے وزیراعظم آفس اور مرکزی اقلیتی وزیر اسمرتی ایرانی کو عازمین حج کو درپیش مسائل کے حوالے سے ایک محضر پیش کر کے مطالبہ کیا ہے عازمین حج کو انکی روانگی کے وقت سے پہلے تمام ضروری معلومات مہیا کی جانی چاہیے۔ تاکہ وقت رہتے انھیں ضروری انتظامات کرنے میں سہولت ہو۔ انہیں احمد نے وضاحت کرتیہوئے کہا کہ پچھلے سال ناگپور کے جن عازمین حج نے ممبئی ایمیگریشن سینٹرس کے بجائے ناگپور کا انتخاب کیا تھا انہیں ممبئی سے سفر کرنے والوں کے مقابلے میں 66000 روپے زیادہ ادا کرنا پڑے تھے۔ اور اسی کو مدنظر رکھتے ہوئے، اس سال مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ کے زیادہ سے زیادہ عازمین حج نے ناگپور کے بجائے ممبئی کا انتخاب کیا ہے۔ پچھلے سال تقریباً 3200 نے ناگپور ایمیگریشن سینٹر کا انتخاب کیا تھا اور اس سال یہ تعداد گھٹ کر تقریباً 2000 تک ہوگئی ینٹر کا انتخاب کیا تھا اور اس سال یہ تعداد گھٹ کر تقریبا2000 تکم ہے۔ اور ان میں سے بیشتر نے ممبئی کا انتخاب کیا ہے۔ ان تمام نے ممبئی سے کم کرایہ ہونے کی وجہ سے ناگپور کے بجائے ممبئی ایمیگریشن سینٹرس کا انتخاب کیا ہے۔ لیکن اب، ناگپور کے بجائے ممبئی ممبئی ایمیگریشن سینٹرس کا انتخاب کرنے والیعازمین حج کو مشکلات کا سامنا ہے۔ اس سال ممبئی ایمیگریشن سینٹرس سے کرایہ میں اضافہ کیا گیا اور ناگپور اور ممبئی کے درمیان فرق اب 21000 روپے تک ہی رہ گیا ہے۔ اس سال ہممبئی ایمیگریشن سینٹرس کا انتخاب کرنے والے عازمین حج کو، 21000 روپے کی بچت کے لیے ممبئی جانے کے لیے ٹکٹوں کی بکنگ میں اضافی رقم خرچ کرنی پڑھ رہی ہے ممبئی میں قیام و دیگر اخراجات ملا کر انھیں بہت زیادہ رقم ادا کرنا پڑے گا۔ ان عازمین حج نے زیادہ اخراجات سے بچنے کے لیے ناگپور کے بجائے ممبئی کا انتخاب کیا تھا۔ اب انھیں ناگپور کے مقابلے میں اور زیادہ اخراجات اور ممبئی تک سفر کی مشکلات کا سامنا ہے۔ اگر ایمیگریشن سینٹر سکے انتخاب سے قبل عازمین حج کو یہ معلومات بہم پہنچائی جائے کہ کسی ایمیگریشن سینٹر سے کتنا کرایہ وصول کیا جائے گا تو، ان عازمین حج کو اپنی سہولت اور بجٹ کے لحاظ اس ایمیگریشن سینٹرس کا انتخاب کرنے میں سہولت ہوتی۔ لیکن افسوس ایسا نہیں کیا گیا۔ انیس نے مزید کہا کہ عازمین حج کے مسائل میں مزید اضافہ کرنے کے لیے مبنی ایمبرکیشن سینٹر سے پروازوں کی تاریخیں صرف ایک ہفتہ قبل جاری کی گئی، جس کی وجہ سے ان عازمین حج کو ریلوے میں کنفرم ٹرین ٹکٹ حاصل کرنا مشکل ہوگیا۔ احمد نے کہا کہ پچھلے سال اس نے آواز اٹھائی تھی اور" پورے مراٹھواڑہ اور ودربھ خطہ کے عازمین حج نے ان حج کیمٹ وکی انتظامیہ اور غلط پالیسوں کے خلاف آواز اٹھائی اور مرکز سے تمام سفری مقامات پر یکسانیت لانے کی اپیل کی گئی تھی"۔ انیس نے محضر میں اس بات کی نشاندہی کی کہ 2019 تک جب یو پی اے حکومت برسراقتدار تھی تمام سفری مقامات سے یکساں کرایہ وصول کرنے کی پالیسی پر عمل کیا گیا۔ انہیں نے مطالبہ کیا کہ اگلے سال سے ایک پالیسی بنائی جاتی ہے جس کے تحت، اگر یکساں کرایوں پر عمل نہیں کیا جاتا ہے تو، عازمین حج کو ایمبرکیشن سینٹ کا انتخاب کرنے سے پہلے اس مخصوص امبارکیشن پوائنٹ کے لیے مقرر کردہ چارجز سے آگاہ کیا جانا چاہئے۔ انیس نے ریل کے وزیر راؤ صاب دانوے سے بھی ملاقات کی اور وزارت ریلوے اور ناگپور کے ڈی آر ایم سے مطالبہ کیا کہ ممبئی جانے والے حجاج کرام اور ان کے رشتہ داروں کے رش کو دیکھتے ہوئے اس ہفتے کے لیے ممبئی جانے والی حج اسپیشل ٹرین اور اضافی ٹرینوں میں اضافی کو چکا اضافہ کیا جائے۔

آسام کے وزیر اعلی کے ذریعہ مدرسہ کے بارے میں جارحانہ تبصرہ پر جمعیۃ علماء ہند کا بیان

## مدرسوں کے بارے میں ایسی باتیں کرنا درحقیقت ملک کی توہین ہے

نئی دہلی: جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا محمود اسعد مدنی نے آسام کے وزیر اعلیٰ ہمنتا بسوا سرما کے حالیہ بیانات کی سخت مذمت کرتے ہوئے اس پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ واضح ہو کہ بہار میں اپنے انتخابی مہم کے دوران آسام کے وزیر اعلی اہمنتا سرما نے" ملا پیدا کرنے والی دکانیں بند کرنے اور چار شادیوں کے کاروبار کو ختم کرنے کے بارے میں اشتعال انگیز تبصرہ کیا ہے۔ مولانا مدنی نے کہا کہ دینی مدرسے قومی ورثہ ہیں، یہاں سے فارغ ہونے والوں نے مختلف میدانوں میں اس ملک کی خدمت کی ہے اور لگاتار کر رہے ہیں۔ ملک کی آزادی میں ان مدرسوں کے فارغین کی قربانیاں کسی طرح



فراموش نہیں کی جاسکتیں۔ اس لیے دینی مدرسوں کے بارے میں ایسی بے ہودہ اور دل آزار باتیں کرنا درحقیقت ملک کی توہین ہے۔ مولانا مدنی نے مزید کہا کہ اس طرح کے تفرقہ انگیز اور اشتعال انگیز تبصرے نہ صرف ہماری ملک کے سیکولر تانے بانے کو کمزور کرتے ہیں بلکہ نفرت اور باہمی تفرقہ کو بڑھانے کا ذریعہ ہیں۔ ہندوستان کا آئین ہر شہری کو اپنے مذہب پر آزادی سے عمل کرنے اور اس کی تبلیغ کرنے کا آئینی و دستوری حق دیتا ہے۔ کسی مخصوص کمیونٹی کو ان کے مذہبی طریقوں کی بنیاد پر نشانہ بنانا نا قابل قبول اور انتہائی دل آزاری کا باعث ہے۔ اور یہ ہمارے آئین میں درج انصاف اور مساوات کے اصولوں کے خلاف ہے۔ مولانا مدنی نے کہا کہ جمعیۃ علماء ہند نے کہ جمعیۃ علماء ہند نے ہمیشہ تمام برادریوں امن، ہم آہنگی اور باہمی

## حج کی تیاریوں کے سلسلے میں غلاف کعبہ کو اوپر اٹھا دیا گیا

حج انتظامات کے سلسلے میں غلاف کعبہ کے نچلے حصے کو تقریباً 3 میٹر اونچا کر دیا گیا ہے، جب کہ خالی ہونے والے حصے کو چاروں اطراف سے تقریباً 2 میٹر چوڑے سفید سوتی کپڑے سے ڈھانپ دیا گیا ہے مکہ مکرمہ: حرمین شریفین کے انتظامی امور کی جنرل اتھارٹی نے حج انتظامات کے سلسلے میں غلاف کعبہ کے نچلے حصے کو تقریباً تین میٹر اونچا کر دیا ہے جب کہ خالی ہونے والے حصے کو چاروں اطراف سے تقریباً دو میٹر چوڑے سفید سوتی کپڑے سے ڈھانپ دیا ہے۔ حرمین انتظامیہ نے کہا ہے کہ 'غلاف کعبہ کو بلند کرنے کے بعد مخصوص کاٹن کے سفید کپڑے میں لپیٹ دیا جاتا ہے۔ یہ پہلی بار نہیں ہوا بلکہ ہر سال حج کے سیزن پر غلاف کعبہ کی حفاظت کی خاطر ایسا کیا جاتا ہے۔ 'غلاف کعبہ کو بلند کرنے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ اسے محفوظ اور صاف رکھا جائے کیونکہ بیشتر عازمین کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ غلاف سے لپٹیں اور اسے چومیں'۔ غلاف کعبہ اٹھانے کی کارروائی انتظامیہ کے سربراہ اور اعلی عہدیداران کی موجودگی میں ہوئی ہے۔ غلاف کو اونچا کرنے کا عمل کنگ عبدالعزیز کمپلیکس کے ماہرین کے ایک گروپ کے ذریعے کعبہ کے پردے کو تہہ کرنے پر مشتمل ہے، جس پر مقدس آیات لکھی ہوئی ہیں۔ انتظامیہ نے کہا ہے کہ 'غلاف کعبہ حج موسم میں بلند کر دیا جاتا ہے کیونکہ ان دنوں دنیا بھر سے لاکھوں کی تعداد میں عازمین حج ارض مقدس آتے ہیں جن میں بعض لوگ غلاف کعبہ کا کچھ حصہ حاصل کرنے کے لیے اسے بلیڈ یا قینچی سے کاٹ لیتے ہیں، اس لیے غلاف کو ان مواقع پر بلند کر دیا جاتا ہے'۔



## پاکستانی عازمین حج کے لیے سعودی حکومت کے انتظامات قابل تعریف ہیں



پاکستانی عازمین حج کے لیے رواں سال حج کے دوران سعودی عرب کی طرف سے فراہم کردہ غیر معمولی اور مثالی نوعیت کی سہولیات و خدمات قابل تحسین ہیں۔ اس امر کا اظہار پاکستان کے وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین نے یہاں مدینہ منورہ میں اپنے ایک بیان میں کیا ہے۔ چوہدری سالک حسین ان دنوں حج آپریشن پاکستان کی نگرانی کے لیے مدینہ منورہ میں مقیم ہیں۔ انہوں نے پاکستانی عازمین حج کے لیے مدینہ منورہ میں کیے گئے انتظامات اور تیاریوں کو دیکھنے کے بعد سعودی حج حکام کے حسن انتظام کی تحسین کی اور کہا رواں سال پاکستانی حجاج پہلے سے بھی زیادہ فراہم کردہ سعودی سہولتوں سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ سعودی عرب کی طرف سے روان سال پاکستانی عازمین حج کا کوٹہ 179210 مقرر کیا گیا ہے۔ ان میں سے 63805 عازمین حج پاکستان سے سرکاری سکیم کے تحت ادائیگی حج کی سعادت حاصل کریں گے۔ جبکہ بقیہ عازمین حج نجی حج آپریٹرز کے ذریعے 14 سے 19 کے دوران فریضہ حج کی ادائیگی کریں گے۔ پاکستان سے حج آپریشن 9 مئی سے شروع ہو چکا ہے۔ ابتدائی حج پروازوں کے ذریعے اب تک 20000 عازمین حج مدینہ شریف پہنچ چکے ہیں۔ پاکستان کے وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین نے پاکستان کے لیے سعودی عرب کے مکہ روٹ انیشیٹو میں رواں سال سے وسعت دینے کی تعریف کی۔ کہ سعودی وزارت حج نے اسلام آباد ایئر پورٹ کے ساتھ کراچی ایئر پورٹ سے بھی مکہ روٹ انیشٹو کے تحت سہولیات پیش کی ہیں۔ چوہدری سالک حسین نے کہا' وہ توقع کرتے ہیں کہ مکہ روٹ انیشیٹو کا دائرہ اگلے سال سے لاہور کے ایئر پورٹ تک پھیل جائے گا اور اس سے زیادہ پاکستانی عازمین حج فائدہ اٹھا سکیں گے۔

## دہلی سے 28 ویں حج پرواز مدینہ کے لیے روانہ، حج کمیٹی کی چیئرپرسن کوثر جہاں نے کیا الوداع



اب تک 47 حج پروازوں میں سے 28 پروازیں کامیابی کے ساتھ روانہ ہو چکی ہیں، اس طرح اب 25 مئی تک مزید 19 حج پروازیں روانہ ہونا باقی ہیں۔ نئی دہلی: دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکیٹو آفیسر اشفاق احمد عارفی کی طرف سے جاری پریس ریلیز کے مطابق 18 مئی کو تاریخی رام لیلا میدان اور درگاہ فیض الہی میں مکمل ایئر کنڈیشنڈ حج کیمپ میں دیگر دنوں کے مقابلے عازمین حج کی کثیر تعداد کے درمیان دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کی چیئرپرسن کوثر جہاں نے بھرے کیمپ میں حاجیوں اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈہ پہنچ کر روانگی گیٹ نمبر 8 سے انہیں حج کے لیے روانہ کرتے ہوئے الوداع کیا۔ دی گئی جانکاری کے مطابق آج سعودی ایئر لائن کی کل تین پروازوں سے تقریباً 1200 عازمین حج روانہ ہوئے۔ اس طرح اب تک کل 47 حج پروازوں میں سے 28 پروازیں کامیابی کے ساتھ روانہ ہو چکی ہیں۔ اس طرح اب 25 مئی تک مزید 19 حج پروازیں روانہ ہونا باقی ہیں۔

## حج کے دوران ملک کے مثبت تاثر کو فروغ دیں

سرکاری میڈیا نے رپورٹ کیا کہ پاکستان کے وزیرِ مذہبی امور نے پیر کے روز حجاج کرام پر زور دیا کہ وہ حج 2024 کے دوران ملک کے مثبت ءاثر کو فروغ دیں جیسا کہ جنوبی ایشیائی ملک سے ہزاروں افراد سعودی عرب کے مقدس شہروں میں فریضۂ حج کی ادائیگی کے لیے پہنچ رہے ہیں۔ پاکستانی عازمین نو مئی سے مدینہ منورہ پہنچ رہے ہیں جب ملک نے قبل از حج فلائٹ آپریشن شروع کیا تھا۔ وزارتِ مذہبی امور نے اتوار کو بتایا کہ کم ازکم 696,22 پاکستانی عازمین 93 پروازوں کے ذریعے مدینہ منورہ پہنچے ہیں۔ وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی چوہدری سالک حسین گذشتہ ہفتے مکہ مکرمہ پہنچے تھے جہاں انہوں نے حج سے قبل پاکستانی عازمین کے لیے حکومت کی جانب سے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ سرکاری ریڈیو پاکستان نے کہا، "وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی چوہدری سالک حسین نے عازمین حج سے استدعا کی ہے کہ وہ سعودی عرب کی مقدس سرزمین پر قیام کے دوران ملک کے لیے نیک نامی کمائیں۔" مکہ مکرمہ میں ایک پریس کانفرنس میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے حسین نے کہا کہ وہ مکہ میں پاکستان حج مشن کی طرف سے کئے گئے انتظامات سے مطمئن تھے۔ انہوں نے مقدس شہر میں پاکستان کے قائم کردہ زائرین کے لیے ایک ہسپتال کا بھی دورہ کیا۔ ریڈیو پاکستان نے بتایا، "انہوں نے کہا کہ وہ مختلف سہولیات کا دورہ کرنے کے بعد آپریشنل تیاریوں پر بہت خوش ہیں جن میں پاکستان حج میڈیکل مشن، رہائشی عمارات، کھانے کا انتظام کرنے والی کمپنیوں کی کچن میں تین وقت کھانے کی فراہمی اور نقل و حمل کے انتظامات شامل ہیں۔ پاکستان کے جنوبی بندرگاہی شہر کراچی کے زائرین پہلی بار مکہ روٹ اقدام کی سہولت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ 2019 میں شروع کیے گئے یہ اقدام سے حجاج کے روانگی کے ملک میں ہی امیگریشن کا عمل مکمل کرنا ممکن ہو جاتا ہے۔ اس سے سعودی عرب پہنچنے پر طویل امیگریشن اور کسٹم کا معائنہ نظرانداز کیا جا سکتا ہے۔ اس سہولت سے انتظار کا وقت خاطر خواہ طور پر کم اور داخلے کا عمل ہموار اور تیز تر ہو جاتا ہے۔"



## جمعیۃ یوتھ کلب عازمین حج کی خدمات میں مصروف
## صدر جمعیۃ مولانا محمود مدنی نے کی ستائش

بھارت اسکاؤٹ اینڈ گائیڈ کے مرکزی دفتر نئی دہلی میں جمعیۃ یوتھ کی تیسری کھیپ کا استقبال کیا گیا اور پہلی اور دوسری کھیپ کو الوداعیہ دیا گیا نئی دہلی: جمعیۃ یوتھ کلب بھارت اسکاؤٹ اینڈ گائیڈ کے 3 ضلعوں کے نوجوان 9 مئی سے لگاتار دہلی میں آنے والے عازمین حج کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ بھارت اسکاؤٹ اینڈ گائیڈ کے زیر اہتمام یہ نوجوان حج ہاؤس ترکمان گیٹ اور ائیرپورٹ پر حاجیوں کے تعاون میں پیش پیش رہتے ہیں، اس سلسلے میں ان نوجوانوں نے اپنی ایک شناخت بنائی ہے۔ بھارت اسکاؤٹ اینڈ گائیڈ کی طرف سے اس پروگرام کا نام 'نیشنل لیول حج سروس کیمپ' رکھا گیا ہے۔ بھارت اسکاؤٹ اینڈ گائیڈ کے مرکزی دفتر نئی دہلی میں جمعیۃ یوتھ کی تیسری کھیپ کا استقبال کیا گیا اور پہلی اور دوسری کھیپ کو الوداعیہ دیا گیا۔ اس موقع پر جمعیۃ علماء ہند کے جنرل سکریٹری مولانا حکیم الدین قاسمی اور جمعیۃ یوتھ کلب کے سکریٹری قاری احمد عبداللہ رسول پوری، انا للیند رسرما اسسٹنٹ ڈائریکٹر نارتھ ایسٹ ریجن بھارت اسکاؤٹ اینڈ گائیڈ، کرنیل سنگھ لیڈر ٹرینر اسکاؤٹ دہلی اسٹیٹ اور مفتی ذاکر قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند بھی موجود تھے۔ اس تقریب میں نوجوان رضا کاروں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ افتتاحی سیشن کے دوران ٹیم کے نئے ارکان کا تعارف کرایا گیا اور ان کی ذمہ داریوں کے بارے میں بتایا گیا۔ رخصت ہونے والی ٹیم کے لیے الوداعی تقریب ایک پُرجوش لمحہ تھا، جہاں انھوں نے اپنے تجربات پیش کیے۔ اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جمعیۃ علماء ہند کے جنرل سکریٹری مولانا حکیم الدین قاسمی نے کہا کہ ہمارے رضاکاروں نے اس بار حج کمیٹی اور بھارت اسکاؤٹ اینڈ گائیڈ کے اشتراک سے عازمین کی خدمت کے میدان میں اپنی ایک شناخت بنائی ہے۔ ان کی انتھک کوششوں اور ہمدردانہ خدمات نے بہت سارے عازمین کو متاثر کیا ہے۔



یہ تیسری کھیپ ان شاء اللہ روانگی سیشن کے اخیر تک خدمت انجام دے گی۔ بھارت اسکاؤٹس اینڈ گائیڈز نے ہمیشہ کمیونٹی سروس اور ضرورت مندوں کی مدد کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ یہ اقدام ان کی ہمدردی، یکجہتی اور خود سے بڑھ کر خدمت کی بنیادی اقدار کا ثبوت ہے۔ ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند نے اس موقع پر جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا محمود اسعد مدنی کا پیغام بھی نوجوانوں کو سنایا کہ انھوں نے عازمین حج کا استقبال کیا ہے اور ان نوجوانوں کی ستائش کی ہے کہ جو شب و روز عازمین کی خدمت انجام دے رہے ہیں، مولانا مدنی نے کہا کہ وہ دوہرے اجر کے حق دار ہوں گے، پہلا اجر تو لوگوں کی خدمت کی وجہ سے ہے اور دوسرا اجر اللہ کی راہ میں نکلنے والوں کی خدمت کے عوض ہوگا۔ مولانا مدنی نے کہا کہ نوجوانوں میں خدمت کا اسپرٹ اور خود کی شناخت پیدا ہو جائے تو ان سے بہتر وسائل کسی قوم کے پاس نہیں ہو سکتے۔ جمعیۃ علماء اسی قوت کو یکجا کرنے کا کام کر رہی ہے۔

ہفت روزہ
خبروں کی خبر
اورنگ آباد، مہاراشٹر انڈیا
KHABRON KI KHABAR



# 27 راؤنڈ کے بعد طئے ہوگا اورنگ آباد کا ایم پی

ایک ہزار ملازمین ووٹوں کی گنتی کریں گے 12 لاکھ 99 ہزار 40 ووٹر نے کس کے حق میں ووٹ کیا، عوام کا تجسس انتہاء پر

اورنگ آباد: ۲۱ مئی (نامہ نگار) اورنگ آباد پارلیمانی حلقہ انتخاب میں کون بازی مارے گا اس پرسٹہ بازار گرم ہو چکا ہے سیاسی حلقوں میں بھی روزانہ نئے نئے اعداد وشمار اور حساب کتاب لگائے جا رہے ہیں رائے دہی کے بوتھ وائز اعداد وشمار کے تحت بھی اپنا ہی امید دار منتخب ہونے کے دعوے کیے جارہے ہیں جبکہ دوسری جانب انتظامیہ نے 4 جون کو ہونے والی رائے شماری (ووٹوں کی گنتی) کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ 12 لاکھ 99 ہزار 40 رائے دہندگان نے کس کو اپنا نمائندہ منتخب کیا ہے اس کا فیصلہ گنتی کے 27 ویں راؤنڈ میں ہوگا اور نئے رکن پارلیمان کیلئے شہریان کو 27 راؤنڈ تک انتظار کرنا ہوگا۔ ذرائع کے مطابق ہر راؤنڈ میں 48 ہزار 112 ووٹ گنے جائیں گے اور دو پہر تک صورتحال کچھ کچھ واضح ہونے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ گذشتہ 13 مئی کو رائے دہی کا عمل مکمل ہونے کے بعد امید واروں کا مستقبل الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں بند ہو چکا ہے۔ پولنگ ختم ہونے کے بعد تمام ووٹنگ مشینیں بیڑ بائے پاس پر واقع ایم آئی ٹی کالج میں قائم کردہ اسٹرانگ روم میں رکھی گئی ہیں اور اسی جگہ پر 4 جون کو ووٹوں کی گنتی کی جائیگی۔ اس سلسلے میں شہریان میں تجسس بڑھتا جا رہا ہے۔ اورنگ آباد پارلیمانی حلقہ کے 2040 پولنگ مراکز کے بیلیٹ یونٹ اسٹرانگ روم میں محفوظ ہیں ووٹوں کی گنتی کے عمل میں حصہ لینے والے افسران و ملازمین کو 4 جون کی دن صبح چھ بجے رائے شماری مرکز پر رجوع ہونا پڑے گا جبکہ صبح سات بجے راز داری کا حلف دلایا جائیگا اور آٹھ بجے پوسٹل ووٹوں کی گنتی کی جائیگی جبکہ ساڑھے آٹھ بجے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ووٹوں کی گنتی شروع کی جائیگی۔




# میونسپل کارپوریشن میں ریٹائر ہونے والوں کے لیے توسیع

## اہل افسران کے ساتھ ناانصافی، برانچ انجینئر، ڈپٹی انجینئر ترقی کے منتظر

اورنگ آباد: (رپورٹر) حکومت سے بھرتی یاڈیپوٹیشن کے ذریعے افسران حاصل کرنے کے بجائے میونسپل کارپوریشن نے نیا مرحلہ شروع کر دیا ہے۔ ہے۔ ریٹائرڈ ریٹائرڈ افسران افسران کی کی مدت مدت ملازمت ملازمت میں میں توسیع توسیع کر کر کے کے اپنے انہیں اس عہدے کا مکمل چارج دیا جا رہا ہے جس پر انہیں کنٹریکٹ پر رکھا جا رہا عہدے دیا جا رہا جس پر ہے۔ یہ قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ مزید یہ کہ ترقی کے اہل انجینئرز کے ساتھ بھی ناانصافی ہو رہی ہے۔ انتظامیہ کی اس پالیسی کی وجہ سے انتظامی امور کا چکر کسی حد تک درہم برہم ہے۔ آستک کمار پانڈے نے کورونا کے دور میں 2 سال 8 ماہ تک میونسپل ایڈمنسٹریٹر کے طور پر کام کیا۔ انہوں نے اپنے دور میں کئی کارنامے انجام دیئے۔ افسران، ملازمین کو ترقیاں دی گئیں۔ پانڈے نے اب تک میونسپلٹی میں ترقی کے زیادہ تر معاملات کو ہینڈل کیا ہے۔ لیکن اس کے بعد بھی ذرائع کا کہنا ہے کہ مختلف محکموں میں برانچ انجینئرز، ڈپٹی انجینئر ترقی کے منتظر ہیں۔ ذرائع کے مطابق کارپوریشن میں کام کرنے والے کئی برانچ انجینئرز، سب انجینئر انتظامی ریٹائرمنٹ کے قریب ہیں۔ لیکن پھر بھی برانچ انجینئرز سے بطور ڈپٹی انجینئر، اور ڈپٹی انجینئر بطور ایگزیکٹو انجینئر ترقی نہیں دی جا رہی ہے۔ دوسری جانب ریٹائرڈ ڈپٹی انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز کو ریٹائرمنٹ کے بعد بھی اسی عہدے پر چھ ماہ کی توسیع دی گئی ہے۔ توسیع کی مدت ختم ہونے کے بعد ان ملازمین کو آؤٹ سورسنگ کے ذریعے ٹھیکیدار سے معاہدہ کر کے اسی پوزیشن پر پر کام پر رکھا گیا گیا ہے۔ ایسے ریٹائرڈ 21 افسران اس وقت مختلف عہدوں پر کام کر رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے پروموشن عہدوں پر کام کر رہے جس کی وجہ سے پروموشن کے مستحق افراد پریشان ہیں اور اس سے کارپوریشن کی انتظامیہ متاثر ہو رہی ہے۔ حیرت ہے کہ چیف آڈیٹر نے بھی اس پر اعتراض نہیں کیا۔ اصل میں معاہدہ پر موجود افر کو مالی لین دین سے متعلق کسی دستاویز پر دستخط کرنے کا اختیار نہیں دیا جا سکتا۔ ایسا کرنا قوانین کی خلاف ورزی اور بے ضابطگی کے مترادف ہوگا۔ لیکن میونسپل ایڈمنسٹریٹر جی سریکانت نے تمام اختیارات کنٹریکٹ افسران کو سونپ دیے ہیں۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا ہے کہ یہ مستقبل میں میونسپل انتظامیہ کے لیے پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ کارپوریشن میں جو بھی بولے اسے پروموشن دینے کے کیسز بھی سامنے آئے ہیں۔ ایک افسر جو ایک سال قبل ریٹائر ہوا تھا اس سے قبل میونسپل کارپوریشن میں جونیئر کلرک کے طور پر کام کر رہا تھا۔ لیکن اس افسر کو ترقی دے کر چیف اکاؤنٹس آفیسر کے عہدے تک براہ راست ذمہ داری دی گئی۔ اس وقت بھی ایک خاتون افسر کو ایک دو نہیں بلکہ پانچ محکموں کی اضافی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

# پربھنی میں درجہ حرارت کے اضافہ سے لوگ پریشان حال

پربھنی (سید یوسف) پربھنی شہر ضلع میں درجہ حرارت میں اضافہ سے لوگ پریشان حال ہو چکے ہیں شدید درجہ حرارت کے سبب لوگ گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کر رہے ہیں۔ صبح دس بجے تک لوگ اپنے اپنے کاموں کو نپٹ کر گھروں میں رہنے کو ترجیح دیتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ ماہ رہنے کو ماہ مئی کے شروع ہوتے ہی درجہ حرارت میں اضافہ ہو گیا تھا۔ تاہم رواں ماہ درجہ حرارت 42 اور 43 جوں کا توں برقرار ہے۔ شدید درجہ حرارت سے صبح دس بجے کے بعد سے شام چار بجے تک سڑکوں پر سناٹا چھا جا رہا ہے۔ جبکہ بعض لوگ ٹھنڈے مشروبات جوس کی دکانوں، گنے کا رس، شربت کی دکانوں پر ٹھنڈے مشروبات سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ شدید گرمی کی شدت سے لوگ گھروں میں کولر اور اے سی کے استعمال کو ترجیح دے رہے ہیں۔ بہر کیف شدید گرمی کی وجہ سے عام لوگ پریشان حال دکھائی دے رہے ہیں۔



# بارہویں جماعت کے نتائج کا اعلان لڑکیوں نے پھر بازی ماری

اورنگ آباد کا نتیجہ 08.94 فیصد پانچ جون تک نمبرات کی جانچ اور جوابی بیاضوں کی کاپی کیلئے درخواستیں کرنے کی مہلت اورنگ آباد: ۲۱ مئی (نامہ نگار) ریاستی ثانوی و اعلیٰ ثانوی ی تعلیمی بورڈ کی جانب سے بارہویں جماعت کے امتحان کے نتائج کا آج اعلان کر دیا گیا ہے۔ اس سال بارہویں جماعت میں 37.93 فیصد طلباء کامیاب ہوئے ہیں۔ ان امتحانات میں ہر سال کی طرح اس سال بھی لڑکیوں نے بازی ماری۔ اورنگ آباد شہر کی طالبہ تنیشا ساگر بورامنیکر نے 100 فیصد نشانات حاصل کر کے ریاست میں ٹاپ پوزیشن کی۔ ہونہار طالبہ تنیشا شطرنج کی کھلاڑی ہے اور اسے اسپورٹس کے اضافی نشانات کا بھی فائدہ پہنچا ہے۔ کامرس فیکلٹی میں ریاست میں ٹاپ کرنے پر تنیشا کی چہار جانب سے ستائش کی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ رواں سال فروری مارچ میں بارہویں کے امتحانات منعقد کیے گئے تھے۔ ریاست میں بارہویں کا مجموعی نتیجہ 37.93 فیصد رہا جبکہ اورنگ آباد ڈویژن کا نتیجہ 8.984 فیصد رہا۔ جس میں امسال بھی لڑکیوں نے لڑکوں پر سبقت برقرار رکھی اور ریاست میں 44.95 فیصد لڑکیاں کامیاب ہوئیں جبکہ 60.91 فیصد لڑکوں نے کامیابی حاصل کی۔ اس لحاظ سے امسال لڑکوں کے مقابلے 3. 4 8 فیصد لڑکیاں زیادہ کامیاب ہوئیں۔ خصوصی بات یہ رہی کہ اورنگ آباد شہر کی تنیشا ساگر نے کامرس فیکلٹی میں سو فیصد نشانات حاصل کیے۔ خیال رہے کہ دسویں اور بارہویں بورڈ امتحانات کے نتائج کی طرف سبھی کی توجہ لگی ہوئی تھی، بورڈ کی جانب سے آج دو پہر ایک بجے مختلف ویب سائٹس پر نتائج ظاہر کر دیئے گئے۔ اورنگ آباد ڈویژن میں شامل اورنگ آباد پربھنی، ہنگولی بیر اور جالنہ اضلاع سے امسال ایک لاکھ 75 ہزار 713 طلبہ نے بارہویں کے امتحانات کیلئے درخواستیں کی تھیں، جبکہ ان میں سے ایک لاکھ 74 ہزار 51 طلبہ امتحانات میں شریک ہوئے تھے اور ان میں سے ایک لاکھ 63 ہزار 762 طلبہ نے کامیابی حاصل کی۔ اس طرح اورنگ آباد کا نتیجہ 94.8 فیصد رہا۔



# کانگریس نے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کو پیش کی خراج عقیدت

اورنگ آباد: اورنگ آباد سٹی اور ضلع کانگریس کمیٹی کی جانب سے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش کی۔ بروز منگل 21 مئی کو سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی برسی کے موقع پر ڈیویژنل کمشنر کے دفتر کے سامنے دہلی گیٹ پر ان کے مجسمہ پر ڈاکٹر کلیان کالے اور سٹی ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کے صدر شیخ یوسف نے پھولوں کی چادر چڑھا کر ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر ضلع کانگریس کمیٹی کے صدر ڈاکٹر کلیان کالے، اورنگ آباد سٹی ضلع کانگریس کمیٹی کے صدر شیخ یوسف، سابق وزیر اٹل پٹیل، ایڈووکیٹ اقبال سنگھ گل، بھاؤ صاحب جگتاپ انیس پٹیل، ڈاکٹر ارون شر ساتھ، ساگر ناگرے، دکشا پوار، ہین ڈنڈورے، شیخ قیصر بابا، معین انعامدار، ونود تامبے پائل، چندر کانت جو جارے، رئیس شیخ، سچن کمار چائے، شری رام انگلے، عصمت خان، ورون پاتھریکر، ریکھا راوت، شیخ رئیس، مدثر انصاری، شیخ افتخار، طیب پٹیل، برکھا وتچورے، عابد جاگیردار، درشن سنگھ ملکے، ندیم سوداگر، ساجد قریشی، ریکھا مولے، سنتوش بھنگرے، شریش چوہان، پپو تھوبے، عباس پٹھان، پروین باجی دیش مکھ، ساجد قریشی تھم بکر، ذکی مرزا، صبیہ شیخ برہان شیخ، شدے کا کا، یوگیش تھوراٹ، سید فیاض الدین وغیرہ عہدیداران و کارکنان کثیر تعداد میں موجود تھے۔



# شہریان نالوں کے کنارے سے تجاوزات ہٹالیں

میونسپل کارپوریشن کا انہدامی کاروائی کا انتباہ اورنگ آباد: (رپورٹر) اورنگ آباد میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی سری کانت کے حکم کے مطابق برسات کے موسم میں ممکنہ بھاری بارش جیسی قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے مختلف اقدامات کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ اب تک ایک اندازے کے مطابق 84 کلو میٹر طویل نالے مانسون سے پہلے صاف ہو چکے ہیں۔ اب تک 75 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے ہے اور باقی کام مئی کے آخر تک مکمل کر لیا جائے گا۔ اورنگ آباد میونسپل کارپوریشن کے حدود میں رہنے والے شہریوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ قدرتی آفات جیسے کہ موجودہ مانسون کے موسم میں ممکنہ شدید بارشوں کی وجہ سے ندیوں اور نالوں کے کناروں کے ساتھ گھروں میں پانی در آنے کا امکان ہے، جس سے جانی اور مالی نقصان ہو سکتا ہے۔ دیہی علاقوں چاہیے کہ وہ تجاوزات کی ہوئی تعمیرات کو خود ہی ہٹا دیں اور خستہ حال/خطرناک عمارتوں/مکانات یا ان کے کسی حصے کو گرنے سے بچانے کے لیے مناسب کارروائی کریں تا کہ جانی و مالی نقصان سے بچا جا سکے یا خطرناک حصوں کو گرا دیں۔ بصورت دیگر اسے میونسپل کارپوریشن کے ذریعے گرایا جائے گا۔ اس کے لیے اٹھنے والی لاگت عمارت کے مالک یا قابض سے وصول کی جائے گی۔ واضح رہے کہ بارش کے موسم میں خطرناک عمارت کی مرمت نہ ہونے کی وجہ سے کسی بھی حادثے کی صورت میں جانی یا مالی نقصان کی صورت میں متعلقہ مکان مالک مکین ذمہ دار ہوگا۔ اس کے علاوہ، اگر شہریوں کو معلوم ہو کہ ان کے آس پاس کچھ خطرناک عمارتیں مکانات ہیں جو خستہ حال ہیں اور ساتھ ہی ایسے مکانات/عمارتیں ہیں جہاں دریا نہر کے کنارے پانی کا بہاؤ جا سکتا ہے تو انہیں تحریری طور پر درج کرانا چاہیے۔ یہ اطلاع میونسپل کارپوریشن ہیڈ کوارٹر کے ڈپٹی کمشنر سنتوش واہونے نے دی ہے۔



# کھام ندی بحالی منصوبے کو

## انتہائی اہم بین الاقوامی ایوارڈ

کھام ندی سمیت نیو یارک، برازیل، ارجنٹائن، ناروے کے پروجیکٹس کا انتخاب ڈائریکٹر نے خصوصی میرٹ ایوارڈ سے بھی نوازا۔ اورنگ آباد: (رپورٹر) کھام ندی کی بحالی کی مہم کو شہروں کے لیے عالمی وسائل انسٹی ٹیوٹ راس سینٹر انعام کے لیے پہلے پانچ فائنلسٹوں میں سے ایک کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔ ہر سال، یہ باوقار ایوارڈ اختراعی خیالات، بصیرتی قیادت اور تبدیلی کے منصوبوں کو تسلیم کرتا ہے جو دنیا بھر میں پائیدار اور جامع شہر تخلیق کرتے ہیں۔ اس سال ایوارڈ کا تھیم ہے، ایکسٹریٹنگ کلائمیٹ ریڈی کمیونٹیز۔ کھام ندی بحالی کے منصوبے کو 62 ممالک کے 148 شہروں سے 200 منصوبوں میں سے پہلے 5 میں منتخب کیا گیا ہے۔ کھام ندی کی بحالی کی مہم سال 2021 میں اورنگ آباد میونسپل کارپوریشن، اورنگ آباد کنٹونمنٹ بورڈ، ویراک اور ایکو ساتوا کے اشتراک سے شروع کی گئی تھی۔ یہ مضبوط شراکت داری آب و ہوا کے موافق ریور فرنٹ کی ترقی، آلودگی کی روک تھام، سالڈ ویسٹ مینیجمنٹ، فعال عوامی شد عوامی شرکت اور شہریوں کے تعاون سے ممکن ہوئی ہے۔ 2021 جنوری کے مہینے میں اس وقت کے میونسپل کمشنر استک کمار پانڈے کی قیادت میں شروع کیا گیا تھا۔ انہوں نے اس مہم کو کامیابی سے G-P-C یعنی سٹیزن پرائیویٹ گورنمنٹ کے اصول پر چلایا۔ اورنگ آباد میونسپل کارپوریشن، اورنگ آباد کنٹونمنٹ پریشد، ضلع انتظامیہ اور دیگر سرکاری ادارے بطور انتظامیہ اس میں حصہ لے رہے ہیں۔

خبروں کی خبر میں اشتہار دینے کیلئے رابطہ کریں
9021212189

G.S Herbal
جی ایس ہربل
Wholesale Unani & Ayurvedic
होलसेल आयुर्वेदिक और यूनानु अद्वियात
ہول سیل آیورویدیک ویونانی ادویات
علماء کرام کیلئے خصوصی رعایت
7218196197
8055287383

وائیا ہربز پرائیویٹ لمیٹیڈ
Viaherbs
Healthier you, Healthier world
آپ کیلئے لایا ہے تجارت کا سنہرہ موقع
نائٹ پراش ایک آیورویدیک اور ہربل دوا
بالکل کم سرمایہ کے ساتھ اپنے کاروبار کا آغاز کریں اور ہر ہفتہ ہزاروں کمائیں۔ ہم دیں گے آپکو ایسی یونیک پروڈکٹس جو لاجواب ہے بے مثال ہے۔
نائٹ پراش ایک آیورویدیک اور ہربل دوا ہے، جو آپ کو طاقت کے ساتھ صحت کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ آپ وائیا ہربز پرائیویٹ لیمیٹیڈ کمپنی کے ساتھ جڑ کر تجارت کر کے بھرپور پیسہ کما سکتے ہیں۔
علماء حفاظ اور ائمہ حضرات کیلئے کم سرمایہ کے ساتھ تجارت کا یہ ایک بہترین موقع ہے
ملک بھر میں کہیں سے بھی آپ آرڈر کر سکتے ہیں۔
بہت واجبی قیمت پر بھروسہ کے ساتھ یہ نسخہ دستیاب ہے۔
ایک اسانسخہ جو شادی
7028748386

This Weekly Printed,Published and Owner by Mohammed Rais Abdul Samad Printed at Red Prints,H.No.4-13-57/894, anjay Nagar, No.C-15,Baijipura, Aurangabad 431001(MS) and Published At H.No.1-9-79/2, Near Maitri Computer,Jaisingpura,Aurangabad 431001 (MS) Editor: Ziya Ur Rahman Farooqui Mob No.9021212189 TCNO.MAHURD02636